www.facebook.com/asaslhr

www.dailyyasas.com.pk
asaslhr@gmail.com

پاکستان کی نظریاتی اساس کا علمبردار اور عوام کی امنگوں کا ترجمان

روزنامہ اساس لاہور
Daily Asas

ایڈیٹر انچیف
شیخ افتخار عادل

گروپ ایڈیٹر
بیرسٹر شیخ دانش افتخار

لاہور، فیصل آباد، راولپنڈی، اسلام آباد، کراچی اور مظفر آباد آزاد کشمیر سے بیک وقت شائع ہوتا ہے

جلد 20 شمارہ 311 جمعرات 19 رمضان المبارک 1438ھ 15 جون 2017ء 32 جیٹھ 2074

وزیر کھیل کی زیر صدارت وزیر اعلیٰ پنجاب سپیشل سپورٹس کمیٹی کا اجلاس

لاہور میں فٹبال ٹورنامنٹ کے انعقاد کے لیے پلے گراؤنڈز کی موزونیت کا جائزہ لیا گیا

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر برائے کھیل و امور نوجوانان جہانگیر خانزادہ کی زیر صدارت وزیر اعلیٰ پنجاب سپیشل سپورٹس کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں کمشنر لاہور عبداللہ سنبل، سیکرٹری سپورٹس نوید اقبال، ڈائریکٹر جنرل سپورٹس ذوالفقار گھمن، ڈائریکٹر جنرل ایل ڈی اے زاہد اختر زمان، ہیڈ آف سپیشل مانیٹرنگ یونٹ وزیر اعلیٰ ہاؤس فاطمہ زیدی، قومی فٹ بال ٹیم کے کپتان محمد احمد اور چیف ایگزیکٹو آفیسر اسحاق شاہ نے شرکت کی۔ اجلاس کا مقصد پنجاب میں فٹ بال کے فروغ کے لیے برطانیہ کی چیلسی فٹ بال آرگنائزیشن کی تجاویز اور مستقبل قریب میں آرگنائزیشن کے زیر اہتمام لاہور میں فٹبال ٹورنامنٹ کے انعقاد کے لیے پلے گراؤنڈز کی موزونیت کا جائزہ لینا تھا۔ چیلسی فٹ بال آرگنائزیشن کے نمائندہ نے اجلاس کو آرگنائزیشن کے مقاصد اور کامیابیوں سے آگاہ کیا اور پنجاب میں فٹبال کی ترقی و ترویج کے لیے موجودہ مسائل اور قابل عمل تجاویز پر روشنی ڈالی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فٹبال پاکستان بالخصوص پنجاب میں بکثرت کھیلی جانے والی آؤٹ ڈور گیمز میں سے ایک ہے۔ جو موزوں توجہ نہ ملنے کی وجہ سے وہ مقام حاصل نہیں کر پایا جہاں اس کو ہونا چاہیے تھا یہی وجہ ہے کہ حکومت پنجاب دیگر قومی و علاقائی کھیلوں کے ساتھ ساتھ فٹبال کے فروغ پر بھی خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ اس مقصد کے لیے مقامی و بین الاقوامی فیڈریشنز اور کوچز کے ساتھ مل کر باقاعدہ منصوبہ بندی کی جا رہی ہے تاکہ پنجاب کے کھلاڑیوں میں اپنے کھیل سے متعلق بڑھتی ہوئی دلچسپی کو مستحکم کر کے انہیں آگے بڑھنے کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کیے جا سکیں۔